سوال

تحلل اول سے قبل جماع

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا اس شخص کے لیے دوبارہ حج کرنا واجب ہے جو تحلل اول سے قبل ہی اپنی بیوی سے جماع کرلے، جبکہ اس کا یہ حج نفل ہو؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جو شخص تحلل اول سے قبل بیوی سے صحبت کرلے، اس کا حج فاسد ہوجاتا ہے لیکن اس حج کو پورا کرنا چاہیے اور بعد میں اس کی قضا بھی دینا چاہیے خواہ حج نفل ہی ہو، چنانچہ اس مسئلہ میں حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنھم کا بھی یہی فتویٰ ہے، نیز اسے ایک اونٹ ذبح کرکے مکہ مکرمہ کے فقراء میں تقسیم کردینا چاہیے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتوی

فتوی کمیٹی